چوتھا سمسٹر IV Semester	ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El.Ed Regular	جولائی 2022

پرچہ : سماجی سائنس کی تعلیم

Paper - DLED415DST : Social Science Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks — وقت : 3 Hrs گھنٹے : Time

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i) اسکولی سطح پر سماجی علوم کے تحت کون سا مضمون شامل نہیں ہے؟

a) جغرافیہ b) معاشیات c) سماجیات d) تاریخ

ii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا طریقہ جغرافیائی تصورات کو پڑھانے کے لیے بہتر ہوگا؟

a) لکچر b) مظاہرہ c) کہانی d) یہ سبھی

iii) طلباء میں تاریخی واقعات کی بہتر سمجھ پیدا کرنے کے لیے کون سا طریقہ کار زیادہ موثر ہوگا؟

a) سفرنامہ b) فیلڈ ٹرپس c) مظاہرہ d) یہ سبھی

iv) دورانِ تدریس طلبا کی اکتسابی جانچ کے لیے استعمال کیا جانے والا طریقہ کہلاتا ہے؟

a) مجموعی جانچ b) تشکیلی جانچ c) تنقیدی جانچ d) تدریسی جانچ

v) نیشنل فوکس گروپ 2006 کے مطابق عوام میں سماجی علوم کی مقبولیت میں کمی واقع ہونے کی ایک وجہ ہے۔

a) مضمون کا غیر آفادی ہونا b) کئی مضمون کا مجموعہ c) غیر تربیت یافتہ اساتذہ d) وسائل کی کمی

vi) سماجی علوم کی تدریس کا مقصد ہے۔

a) سماجی تہذیب وثقافت سے روشناس کرنا b) بہترین شہری بنانا

c) سماجی اقدار کا فروغ کرنا d) یہ سبھی

(vii تفتیش پر مبنی طریقہ تدریس کی خوبیوں میں شامل نہیں ہے۔

a) طلباء میں تجسس پیدا کرنا
b) طلباء کے اکتسابی تجربات کو بہتر بنانا
c) طلبا کی مشغولیت کو بڑھاوا دینا
d) رٹنے کی عادت کو فروغ دینا

(viii گاندھی جی کی تحریر کردہ کتاب ''حقیقت کے ساتھ میرے تجربات'' .... کی ایک مثال ہے۔

a) ابتدائی ذرائع
b) ثانوی ذرائع
c) سوئمی ذرائع
d) انسانی ذرائع

(ix مندرجہ ذیل میں اوپن اور مفت ذرائع ہے۔

Wikipedia(a
Youtube (b
e-Pathshala App (c
(d یہ سبھی

(x اگر طلبا سے مغلیہ سلطنت کے زوال کی وجوہات کو تلاش کرنے کے لیے کہا جائے تو انہیں ذیل سے کس عمل سے گزرنا ہوگا؟

a) تجزیہ (Analysis)
b) اسلوب ترکیبی (Synthesis)
c) تخلیق
d) یہ سبھی

حصہ دوم

.2 سماجی علوم تدریس کو منظّم کرنے میں بین مضامین طرز رسائی (Interdisciplinary Approach) کی وضاحت کیجیے۔

.3 اسکولی نصاب میں سماجی علوم کی اہمیت اور افادیت کو بیان کیجیے۔

.4 سماجی علوم کی تدریس میں درپیش سماجی اور ثقافتی مسائل کا تذکرہ کیجیے۔

.5 اکائی منصوبہ بندی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اکائی منصوبہ بندی کے مقاصد تحریر کیجیے۔

.6 کمرۂ جماعت کو منظّم کرنے والی مختلف مہارتوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

.7 حقائق (Facts) اور رائے (Opinion) کے مابین فرق کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

.8 احتساب (Assessment) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ احتساب کے مقاصد کو بیان کیجیے۔

.9 طلباء کی تنقیدی صلاحیت کی جانچ کے لیے کوئی دو طریقے تجویز کیجیے۔

حصہ سوم

.10 بحیثیت معلم آپ طلباء کو طاقت (Power) اور اختیار (Authority) جیسے عناوین پڑھانے کے لیے کس حکمت عملی کا انتخاب کریں گے اور کیوں؟

.11 تحتانوی جماعت کے طلبا میں بازار (Market)' تبادلہ (Exchange) اور مزدور (Labour) جیسے عنوانات کی بہتر سمجھ پیدا کرنے کے لیے آپ کن تدریسی سرگرمیوں کو عمل میں لائیں گے؟

.12 طلباء میں جغرافیائی تصورات کو بہتر سمجھ پیدا کرنے میں فیلڈ ٹرپس اور مظاہرہ کس طرح معاون و مددگار ثابت ہو سکتے ہیں؟

.13 سماجی علوم سے متعلق طلبا میں پھیلی غلط فہمیاں اور ان کے ممکنہ حل کے لیے اپنی تجاویز پیش کیجیے۔

.14 تحتانوی جماعت میں سماجی علوم کی تدریس کے لیے موثر آئی سی ٹی وسائل کی فہرست تیار کیجیے اور ان کے بارے میں مختصراً بیان کیجیے۔

☆☆☆